© rasailojaraid.com

بہت سے مسائل پر ایسی آرا ظاہر کیں جو کہ جمہور امت سے ہٹ کر تھیں۔ ڈاکٹر فضل الرحمٰن خود کو مجتہد گردانتے تھے۔ ان کے موجب گمراہی اجتہادات میں سے بعض یہ تھے:

۱۔ اسلام میں تجارتی سود حرام نہیں۔

۲۔ زکوٰۃ عبادت نہیں، ٹیکس ہے۔

۳۔ دینی مسائل میں مغربی مفکرین کی آرا تلاش کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

مولانا ابوالجلال ندوی مرحوم نے انہی دنوں مذکورہ نظریات کا جواب لکھا تھا جو بوجوہ شائع نہ ہو سکا۔ اب ان تحریروں کو ابوالجلال ندوی اکیڈمی کراچی نے شائع کیا ہے۔ مجموعی طور پر یہ ایک قابل قدر کاوش ہے، لیکن گہری نظر سے ناقدانہ جائزہ لیا جائے تو کئی مقامات پر مصنف کا ذہنی الجھاؤ محسوس ہوتا ہے۔ مصنف کی بعض آرا بھی محل نظر ہیں۔ مثلاً صفحہ ۳۳ کے حاشیہ میں مصنف ہدایہ شیخ الاسلام علی بن ابی بکر المرغینانی پر تنقید کرتے ہوئے لکھا ہے کہ انہوں نے دار الحرب میں سود کو جائز قرار دیا ہے اور ان کی وجہ سے کابل و سرحد کے پٹھانوں کا اخلاق بگڑ گیا ہے۔ پہلے وہ صرف حربی کافر سے سود لیتے تھے، اب پاکستانی مسلمانوں سے بھی لیتے ہیں۔ اسی طرح آیات میراث کی جو تشریحات فقہائے امت نے کی ہیں، وہ ان کے نزدیک معتبر نہیں ہیں اور قرآن و حدیث سے متصادم ہیں۔ اپنے اس دعوے کے اثبات میں انہوں نے کافی زور لگایا ہے۔ تقریباً آدھی کتاب اس بحث پر مشتمل ہے۔ مسئلہ عول کو تو وہ آڑے ہاتھوں لیتے ہیں۔

عجیب بات ہے کہ فاضل مصنف ایک طرف تو فقہا کی آرا کو معتبر نہیں سمجھتے لیکن دوسری طرف ڈاکٹر فضل الرحمٰن کے رد میں ہدایہ سے ہی استدلال کرتے نظر آتے ہیں۔ (صفحہ ۱۳۷)

کتاب کے مضامین ڈاکٹر فضل الرحمٰن کے نظریات کا مکمل رد نہیں کرتے اور مزید بحث و نظر کی گنجایش موجود ہے۔

ملنے کا پتہ: فضلی سنز اردو بازار لاہور کراچی / کتاب سرائے فرسٹ فلور الحمد مارکیٹ اردو بازار لاہور۔

## اقبال اور قادیانیت: تحقیق کے نئے زاویے

علامہ اقبالؒ ان مجاہدین ختم نبوت میں سے ہیں جن کی ضرب کاری کی تاب قادیانی نہ لا سکے اور نہ آج تک قادیانیت پر ان کی تنقید کو بھلا سکے ہیں، اسی لیے وہ اقبال کی کردار کشی کرتے رہتے ہیں۔ قادیانیوں کی اس گھٹیا مہم کے جواب میں اقبال کی عظمت اور کردار کو اجاگر کرنے کے لیے بہت سی کتب لکھی گئی ہیں جن میں سے ایک کتاب اس وقت ہمارے پیش نظر ہے۔ محترم بشیر احمد صاحب اس سے پہلے قادیانیت، بہائیت اور فری میسنری پر گراں قدر کتب تحریر کر چکے ہیں۔ زیر نظر کتاب مصنف نے اگرچہ کسی قادیانی کتاب کے جواب کے طور پر نہیں لکھی، لیکن اس میں اقبال کی ذات و افکار پر لگائے جانے والے بہت سے قادیانی الزامات کا جواب آ گیا ہے جس پر مصنف بجا طور پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔

۲۸۳ صفحات پر مشتمل اس کتاب کو مجلس علم و دانش، پوسٹ بکس ۶۳۰ راولپنڈی نے شائع کیا ہے اور اس کی قیمت ۲۰۰ روپے ہے۔



© rasailojaraid.com